**05-08-2024**

**1350 Hrs**

**HL-Opening**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ارجمند علی خان

Music

------------------------------

☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو 2 دن کے سرکاری دورے پر فجی پہنچ گئی ہیں۔ صدر جمہوریہ کل فجی کے اپنے ہم منصب **Williame Katonivere** کے ساتھ دوطرفہ بات چیت کریں گی۔

☆ سرکار نے کہا ہے کہ پچھلے دس سال میں صحت کے شعبے کیلئے مختص بجٹ رقومات 164 فیصد بڑھ کر 90 ہزار کروڑ روپے ہوگئی ہیں۔

☆ امریکہ نے حماس کے لیڈر کی ہلاکت کے تناظر میں اسرائیل کے خلاف ایران اور حزب اللہ گروپ کی ممکنہ انتقامی کارروائی کے بارے میں G-7 ملکوں کو تنبیہ کی ہے۔

☆ امریکہ میں انحطاط کے خدشات کے تناظر میں عالمی سطح پر شیئر بازاروں میں گراوٹ دیکھنے میں آئی ہے۔ جاپان کے شیئر بازار میں 1987 کے بعد سے دن کے کاروبار میں اب تک کی سب سے بڑی گراوٹ آئی ہے۔

☆ اور پیرس اولمپک کھیلوں میں بھارت کے بیڈمنٹن کھلاڑی لکشیہ سین آج شام کانسے کے تمغے کیلئے کھیلیں گے۔

Music

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

## PREZ VISIT FIJI

صدرجمہوریہ دروپدی مرمو دو دن کے سرکاری دورے پر آج **Fiji** کے **Nadi** پہنچی۔ بھارت کے صدرجمہوریہ کا فجی کا یہ پہلا دورہ ہے۔ فجی کے نائب وزیراعظم **Villiame Gavoka** اور فجی میں بھارت کے ہائی کمشنر **P.S Karthigeyan** نے اُن کا استقبال کیا۔ صدرجمہوریہ دروپدی مرمو کل اور سات اگست کو **Suva** اور **Nadi** میں

سرکاری سطح کے رابطوں میں شرکت کریں گی۔ صدرجمہوریہ فجی کے صدر Williame Katonivere اور وزیراعظم Sitiveni Rabuka کے ساتھ باہمی میٹنگیں کریں گی۔ وہ فجی کی پارلیمنٹ سے بھی خطاب کریں گی۔ صدرجمہوریہ Suva گاندھی میموریئل کالج کا دورہ کریں گی اور Nadi میں شری شیو سبرامنیا سوامی مندر بھی جائیں گی۔ اس دورے کا مقصد جزیرہ نما ملک کے ساتھ تاریخی رشتوں کو فروغ دینا ہے۔ X

## LS DEMANDs Health

صحت اور خاندانی بہبود کے مرکزی وزیر جگت پرکاش نڈا نے کہا کہ مودی سرکار نے صحت کے شعبے کو اوّلین ترجیح دی ہے۔ لوک سبھا میں سال 2024-25 کیلئے صحت اور خاندانی بہبود کی وزارت کے کنٹرول کے تحت مطالباتِ زَر پر بحث کا جواب دیتے ہوئے مرکزی وزیر نے بتایا کہ 2024 میں صحت کے شعبے کیلئے بجٹ رقومات بڑھ کر 90 ہزار 958 کروڑ روپے تک پہنچ گئیں، جبکہ سال 2013-14 میں یہ 33ہزار 278 کروڑ روپے تھی، جس سے 164 فیصد اضافے کا اظہار ہوتا ہے۔ جناب نڈا نے کہا کہ مجموعی بجٹ میں سے 55 فیصد رقم قومی صحت مشن کے ذریعے خرچ کی جارہی ہے۔×

## LS Rural Credit

محکمۂ خزانہ کے وزیرمملکت پنکج چودھری نے کہا ہے کہ دیہی علاقوں میں زمینی سطح پر قرضے 2024 میں 25 لاکھ 46 ہزار کروڑ روپے تک پہنچ گئے ہیں، جبکہ 2014 میں یہ محض 7 لاکھ 30 ہزار کروڑ روپے تھے، تاکہ عوام متعلقہ فائدوں سے مستفید ہوسکیں۔آج لوک سبھا میں ضمنی سوالوں کا جواب دیتے ہوئے وزیرموصوف نے ایوان کو بتایا کہ کسان کریڈٹ اسکیم کے تحت کسانوں کو دیئے جانے والے فصلوں کے قرضے بڑھ کر 9 لاکھ 82 ہزار کروڑ روپے ہوگئے، جبکہ پہلے یہ چار لاکھ 26 ہزار کروڑ روپے تھے۔ جناب چودھری نے مزید کہا کہ سرکار نے کسانوں کی بہبود اور زرعی پیداوار میں اضافے کیلئے کئی اقدامات کئے ہیں۔ وزیرموصوف نے کہا کہ پردھان منتری جن دھن یوجنا کے تحت 52 ہزار کروڑ سے زیادہ کھاتے کھولے گئے، تاکہ مالی شمولیت کو یقینی بنایا جاسکے۔×

## RS ZERO HOUR

آج راجیہ سبھا میں مختلف ارکان پارلیمنٹ نے وقفہ صفر کے دوران عوامی اہمیت کے حامل کئی معاملات اٹھائے۔ بی جے پی کے Samik Bhattacharya نے کہا کہ حکومت کو بنگلہ دیش سے مغربی بنگال آنے والے مائیگرینٹ مزدوروں کے معاملے پر سنجیدگی سے غور کرنا چاہئے۔ اترپردیش سے بی جے پی کی درشنا سنگھ نے کھلے بورویلز کی وجہ

سے اموات کا معاملہ اٹھایا۔ اُنھوں نے کہا کہ خاص طور سے بچوں کو ذہن میں رکھتے ہوئے ان میں ہونے والی اموات کی روک تھام کیلئے فوری اقدامات کئے جانے کی ضرورت ہے۔ کیرالہ سے کانگریس کی رکن پارلیمنٹ Jebi Mather Hisham نے خلیجی ممالک میں ہوائی جہاز کے کرایہ میں زبردست اضافہ کا معاملہ اٹھایا اور کہا کہ غریب، مزدور اور متوسط طبقہ اس بوجھ کو برداشت نہیں کرسکتا۔ انہوں نے حکومت پر زور دیا کہ وہ اس معاملے پر فوری توجہ دے۔X

## NEPAL CONNECTIVITY

نیپال کے وزیراعظم کے پی شرما اولی نے ملک کی آبی گزرگاہوں اور ریلویز کو فروغ دینے کیلئے کہا ہے، تاکہ بھارت کے ساتھ کنیکٹیویٹی میں اضافہ کیا جاسکے۔ بنیادی ڈھانچے اور ٹرانسپورٹ کی وزارت کے تحت سڑک کے محکمے کی، سالانہ پیش رفت کی ایک جائزہ میٹنگ میں، جناب اولی نے سول سرونٹس کو ہدایت دی کہ وہ بھارتی سرحد کے قریب، ہنومان نگر سے تریوینی اور دیو گھاٹ تک، Steamer خدمات شروع کرنے کیلئے ایک منصوبہ تیار کریں۔ انہوں نے کہا کہ اگرچہ نیپال میں Steamer خدمات کی اجازت کا قانون 1970 سے موجود ہے، لیکن اس بنیادی ڈھانچے کو استعمال نہیں کیا گیا ہے، جو افسوس کی بات ہے۔اس بات پر زور دیتے ہوئے کہ اشیاء اور لوگوں کو لانے لے جانے کیلئے آبی گزر گاہوں کے ذریعہ نقل وحمل، ایک کم خرچ وسیلہ ہے، جناب اولی نے افسران کو ہدایت دی کہ وہ جلد ہی ملک میں اسٹیمرز چلانے کا ایک منصوبہ تیار کریں۔آبی گزرگاہوں کے علاوہ جناب اولی نے اس ضرورت پر بھی زور دیا کہ نیپال کی ریلوے خدمات کو توسیع دی جائے۔ انہوں نے موجودہ جنک پور- کُرتھا ریلوے لائن سے دو مزید ریلوے لائنوں کو جوڑنے کیلئے کہا۔جناب اولی نے نیپال میں ایک مشرق-مغرب ریلوے لائن کی تعمیر کی بھی تجویز پیش کی۔ انہوں نے کہا کہ اس ریلوے لائن سے، اُن بھارتی شہریوں کو بھی فائدہ ہوگا، جو نیپال کے راستے، گوہاٹی سے دلّی اور سلی گوڑی سے ہریدوار کا سفر کرتے ہیں۔x

## DAY CDS CONFERENCE

چیف آف ڈفینس اسٹاف جنرل انل چوہان نئی دلی میں فوج کی تینوں شاخوں کی اقتصادی امور سے متعلق ایک اعلیٰ سطحی کانفرنس کی صدارت کررہے ہیں۔ اس کانفرنس کا مقصد مسلح افواج کے اقتصادی معاملات میں اشتراک کو بڑھانا اور اُنھیں فعال بنانا ہے۔ اس کانفرنس کے دوران دفاع سے متعلق اقتصادی امور کے حوالے سے مختلف فریقوں کے نظریات کو سمجھتے ہوئے مختلف پہلوؤں اور دفاعی سازوسامان کی حصولیابی میں درپیش چیلنجوں کا حل تلاش کرنے پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔ X

## HIMACHAL RESCUE

ہماچل پردیش کے شملہ، منڈی اور کُلّو ضلعوں میں بادل پھٹنے کے حالیہ واقعات میں لاپتہ ہونے والے افراد کو تلاش کرنے کا سلسلہ آج پانچویں دن بھی جاری ہے۔ تلاش کی کارروائی کے دوران شملہ ضلعے میں Sunni کے نزدیک ڈوگری سے دو اور لاشیں ملی ہیں۔کلّو ضلعے میں کُلّو-منالی قومی شاہراہ کو کُل شام موٹرگاڑیوں کی آمدورفت کیلئے کھول دیا گیا۔ بیاس دریا میں پانی کی سطح میں اضافے کی وجہ سے Raison اور Cloth کے نزدیک یہ شاہراہ بند کردی گئی تھی۔ اِدھر موسمیات محکمے نے ریاست میں اگلے چار دن تک تیز بارش کے امکان کے مدنظر یلو الرٹ جاری کئے ہیں۔×

## US WARNS IRAN ISRAEL

معلوم ہوا ہے کہ مغربی ایشیا میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کے تناظر میں امریکی وزیر خارجہ انٹنی بلنکن نے اسرائیل کے خلاف ایران اور حزب اللہ گروپ کی ممکنہ انتقامی کارروائی کے بارے میں G-7 کے وزراء خارجہ کو ایک سخت وارننگ جاری کی ہے۔ حماس اور حزب اللہ کے بڑے لیڈروں کی حالیہ ہلاکتوں کے پس منظر میں یہ وارننگ سامنے آئی ہے۔ اِس سے پہلے امریکی وزیر خارجہ نے کشیدگی کم کرنے کی کوشش کے سلسلے میں خلیجی تعاون کونسل کے ملکوں کے اپنے ہم منصب وزیروں سے بات کی تھی۔ حماس کے سیاسی امور کے سربراہ اسماعیل ہنیہ اور حزب اللہ کے سینئر کمانڈر فواد شکر کی حالیہ ہلاکتوں سے مغربی ایشیا کے خطے میں حالات مزید کشیدہ ہوگئے ہیں۔اُدھر اسرائیل کے وزیراعظم بنیامن نیتن یاہو نے کُل کابینہ کی میٹنگ میں صورتحال کا جائزہ لیتے ہوئے کہا کہ اسرائیل جارحانہ اور دفاعی دونوں طریقوں سے کسی بھی صورتحال کا سامنا کرنے کیلئے تیار ہے۔ اِن واقعات سے غزہ میں جاری محاذآرائی نے ایک اور طرح کی پیچیدگی اختیار کرلی ہے، جبکہ وہاں پہلے ہی تقریباً دس مہینے سے ٹکراؤ کا سلسلہ جاری ہے۔سفارتی وسیلوں کے توسط سے سرگرمیاں جاری ہیں اور خطے میں اگلے 24 سے 28 گھنٹے اِس بات کیلئے اہمیت کے حامل ہوں گے کہ حالات کیا رُخ اختیار کرتے ہیں۔×

## PUNE ZIKA

مہاراشٹر کے پونے شہر میں Zika وائرس سے سات اور مریضوں کے متاثر ہونے کی خبر ہے۔ اِن سات نئے مریضوں میں پانچ حاملہ خواتین، 18 سال کا ایک نوجوان اور 40 سال کا ایک شخص شامل ہے، جن کا تعلق شہر کے کاترَج اور کونڈھوَا علاقوں سے ہے۔ضلعے کے صحت کے محکمے نے خبر دی ہے کہ پورے پونے شہر میں اب تک 72 افراد Zika وائرس سے متاثر ہوئے ہیں۔Ix

## AMARNATH YATRA SUSPENDED

جموں وکشمیر میں حکام نے سیکورٹی وجوہات کی بنا پر امرناتھ یاترا آج روک دی ہے۔ آئین کی دفعہ **370** کو منسوخ کئے جانے کو آج پانچ سال مکمل ہورہے ہیں۔ آکاشوانی جموں کے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ انٹیلیجنس کی اطلاعات کے مدنظر بھگوتی نگر بنیادی پڑاؤ سے یاترا معطل ہے۔ اکھنور اور جموں کے دیگر سرحدی علاقوں میں سیکورٹی بڑھا دی گئی ہے۔ اِدھر بی جے پی آج جشن منانے کیلئے آر-ایس-پورہ میں ایک بڑی ریلی کا اہتمام کررہی ہے، جس میں پارٹی کے لیڈر اور مرکزی وزیر جی-کشن ریڈی مہمان خصوصی ہوں گے۔×

## ASIAN STOCKS

دنیا بھر کے شیئر بازاروں میں آج گراوٹ کا رجحان دیکھنے میں آرہا ہے۔ گزشتہ ہفتے بھی بڑے شیئربازاروں میں زبردست گراوٹ دیکھنے میں آئی تھی۔ امریکہ میں ملازمتوں کے تعلق سے کمزور اعدادوشمار کے تناظر میں دنیا کی سب سے بڑی معیشت میں انحطاط کے اندیشوں کے پس منظر میں ایشیا کے شیئربازاروں میں گراوٹ آئی ہے۔ جاپان میں **Nikkei** اور **Topix** دونوں عدد اشاریوں میں دن کے کاروبار میں دس فیصد سے زیادہ کی گراوٹ آئی۔ اُدھر تائیوان کے بڑے شیئر بازار اور جنوبی کوریا کے **Kospi** دونوں ہی آٹھ فیصد سے زیادہ نیچے آگئے۔ہانگ کانگ میں **Hang Seng** عدد اشاریہ بھی ایک اعشاریہ چار فیصد نیچے آگیا۔ آسٹریلیا میں بھی شیئر بازار میں تقریباً دو فیصد کی گراوٹ آئی۔×

## UKRAINE F-16

یوکرین کو امریکی ساخت کے **F-16** طرز کے لڑاکا جیٹ ہوائی جہازوں کی پہلی کھیپ مل گئی ہے۔ یوکرین کے صدر **Volodymyr Zelensky** نے یہ اعلان کرتے ہوئے اتحادی ملکوں کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ ابھی مزید طیاروں کی ضرورت ہے۔ یوکرین کے صدر **Zelensky** نے **F-16** ہوائی جہاز فراہم کرنے کی یوکرین کی درخواست قبول کرنے پر ڈنمارک، نیدرلینڈس، امریکہ اور یوکرین کے دیگر ساجھے دار ملکوں کے تئیں تشکر کا اظہار کیا۔ اُنہوں نے بتایا کہ یوکرین کے پائلٹس نے پہلے ہی **F-16** ہوائی جہاز استعمال کرنے شروع کردیئے ہیں۔ میڈیا اطلاعات کے مطابق یوکرین کو **F-16** طرز کے دس طیارے **31** جولائی کو ملے ہیں۔×

## US HURRICANE

امریکہ میں شدید آندھی طوفان Debby کے آج رات تک فلوریڈا کے خلیجی ساحل کے Big Bend خطے میں پہنچنے کا امکان ہے۔ اِس طوفان کے زیراثر فلوریڈا، جارجیا اور ساؤتھ کیرولینا ریاستوں میں موسلادھار بارش اور تباہ کن سیلاب کا اندیشہ ہے۔×

## OLYMPIC SCHEDULE

آج پیرس اولمپکس میں مردوں کے سنگلز میں کانسے کے تمغے کیلئے لکشیہ سین کا مقابلہ ملیشیا کے Zii Jia Lee سے ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق شام چھ بجے سے کھیلا جائے گا اور لکشیہ سین پیرس اولمپکس میں بھارت کو چوتھا تمغہ دلانے کی بھرپور کوشش کریں گے۔ لکشیہ سین کل سیمی فائنل میں ڈنمارک کے Viktor Axelsen سے سیدھے سیٹوں میں بیس۔بائیس، چودھ۔اکیس سے ہار گئے تھے۔ تاہم وہ بیڈمنٹن میں اولمپکس کے سیمی فائنل میں پہنچنے والے پہلے بھارتی کھلاڑی بن گئے۔ بھارت کیلئے بیڈمنٹن میں اولمپک میڈل جیتنے والی صرف دو خاتون کھلاڑی ہیں وہ ہیں سائنا نہوال اور پی وی سندھو۔ ایتھلیٹکس میں خواتین کے چارسو میٹر راؤنڈ 1 میں کرن پہل مقابلہ کریں گی جبکہ ایشین کھیلوں میں سونے کا تمغہ جیت چکے اونیاش سابلے تین ہزار میٹر Steeplechase کے فائنل میں حصہ لیں گے۔

کشتی میں خواتین کے 68 کلوگرام فری اسٹائل کے پری کوارٹر فائنل میں نشا Dahiya بھارت کی مہم کا آغاز کریں گی۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆